© rasailojaraid.com



حافظ محمد ابراہیم فانی استاذ دارالعلوم حقانیہ

# فاروقِ اعظمؓ مرحبا

اے رفیقِ مجتبیٰؐ فاروقِ اعظمؓ مرحبا
صاحبِ خیرالوریٰ فاروقِ اعظمؓ مرحبا

تیری دامادی ہیں آئے آفریں صد آفریں
تاجدارِ انبیاءؐ فاروقِ اعظمؓ مرحبا

بوبکرؓ، عثمانؓ و حیدرؓ ہیں مریدانِ رسولؐ
تو مرادِ مصطفیٰؐ فاروقِ اعظمؓ مرحبا

ہے اشداءُ علی الکفار یہ تیرا مقام
ہے یہ فرمانِ خدا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

آپ کی غیرت پہ نازاں شانِ ختم المرسلیںؐ
مرحبا یا مرحبا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

تیری رائے کے مطابق آیتیں نازل ہوئیں
یہ تجھے رتبہ ملا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

گلشنِ اسلام رنگین تیری آمد سے ہوا
پیکرِ صدق و صفا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

چار سو اسلام کا چرچا امیرالمومنین
عہد میں تیرے ہوا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

بعد میرے گر نبی ہوتا تو ہوتا یہ عمرؓ
ہے حدیثِ دلربا فاروقِ اعظمؓ مرحبا

تیری ہیبت سے جہانِ شرک پر لرزہ رہا
آفریں یہ دبدبہ فاروقِ اعظمؓ مرحبا

ہدیۂ ترحیبِ فانی تحفۂ عشق و خلوص
توشۂ عقبیٰ مرا فاروقِ اعظمؓ مرحبا



© rasailojaraid.com